جزاء اللہ عدوہ بابائہ ختم النبوۃ

اعلیٰحضرت احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

مکتبہ نبویہ ○ لاہور

جناب رسالتمآب ختم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلّم پر ایک لاجواب کتاب

المسمّٰی بہ

جزاء اللہ عدوہ باباۂ

ختم النبوّۃ

تصنیف لطیف

اعلیٰ حضرت امام اہل سنت مجدد مائۃ حاضرہ امام ملت طاہرہ
الشاہ مولینا احمد رضا خاں بریلوی قدس سرہٗ

مکتبہ نبویہ۔ گنج بخش روڈ ۔ لاہور

نام کتاب	جزاء اللہ عدوہ باباۂ ختم النبوۃ
موضوع	ختم نبوت
تصنیف	اعلحضرت مولانا احمد رضا خاں بریلویؒ
کتابت	محمد شریف گل
تعداد	ایک ہزار
مطبع	کمبائن پریس لاہور
ناشر	مکتبہ نبویہ۔ گنج بخش روڈ۔ لاہور
طباعت	۱۹۸۸ء
قیمت	... روپے

ارشادات حضور ختم الانبیاء علیہم افضل الصلاۃ والثنا

وفیہا انواع نوع فی اسماء النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اسماء النبی اجلہ ائمہ بخاری ومسلم وترمذی ونسائی وامام مالک وامام احمد و ابوداؤد و طیالسی و ابن سعد طبرانی وحاکم وبیہقی و ابونعیم وغیرہم

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ان لی اسماء انا محمد و انا احمد و انا الماحی الذی یمحو اللہ بی الکفر و انا الحاشر الذی یحشر الناس علی قدمی و انا العاقب الذی لیس بعدہ نبی۔

بیشک میرے متعدد نام ہیں میں محمد ہوں میں احمد ہوں میں ماحی ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے سبب سے کفر مٹاتا ہے میں حاشر ہوں میرے قدموں پر لوگوں کا حشر ہوگا میں عاقب ہوں اور عاقب وُہ جس کے بعد کوئی نبی نہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سبعہ اخیرہ الا الطبرانی کی روایت میں والخاتم زاید ہے یعنی اور میں خاتم ہوں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

انا محمد و احمد امام احمد مسند اور مسلم صحیح اور طبرانی معجم کبیر میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

انا محمد و احمد والمقفی والحاشر و نبی التوبۃ و نبی الرحمۃ۔

میں محمد ہوں اور احمد اور سب انبیاء کے بعد آنے والا اور خلائق کو حشر دینے والا اور رحمت کا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

نام مبارک نبی التوبہ عجب جامع وکثیر المنافع نام پاک ہے۔ اس کی تیرہ توجیہیں فقیر غفرلہ المولی القدیر نے شرح صحیح مسلم للامام النووی وشروح الشفا للقاری والخفاجی ومرقاۃ و اشعۃ اللمعات شروح مشکوٰۃ وتیسیر وسراج المنیر وحفنی شروح جامع صغیر و جمع الوسائل شرح شمائل ومطالع المسرات ومواہب وشرح زرقانی ومجمع البحار سے التقاط کیں اور چار توفیق اللہ تعالیٰ اپنی طرف سے بڑھائیں سب سترہ ہُوئیں بعضہا اظہر من بعض واحلی۔